مثنوی

فرّخ نامه

[The Book of the Blessed]

احوالِ سیّاحت رہ نورد در عالمِ علوی

به عنوان وادیٔ ظلال، برزخِ امثال و فردوسِ جمال

به رهنمائیِ زنده رود

سرودۂ:

دکتر اسلم انصاری

اقبال اکادمی پاکستان

جملہ حقوق محفوظ

ناشر
پروفیسر ڈاکٹر بصیرہ عنبرین
ناظم
اقبال اکادمی پاکستان
حکومت پاکستان
قومی ورثہ وثقافت ڈویژن
چھٹی منزل، ایوانِ اقبال، ایجرٹن روڈ، لاہور

Tel: [+92-42] 36314510, 99203573
Fax: [+92-42] 36314496
Email: info@iap.gov.pk
Website: www.allamaiqbal.com

ISBN 978-969-416-559-2

طبع اول	:	۲۰۲۱ء
تعداد	:	۵۰۰
قیمت	:	-/۴۵۰ روپے
مطبع	:	فرید یہ آرٹ پریس انٹرنیشنل، لاہور

محلِ فروخت: ۱۱۶ میکلوڈ روڈ، لاہور، فون نمبر ۳۷۳۵۷۲۱۴

فهرست مضامینِ فرخنامه

1۔ ره‌نوردِ شوق اور فرخ نامہ (دیباچہ) ..... ڈاکٹر بصیرہ عنبرین 9

2۔ عرضِ مصنف 40

3۔ حرفِ آغاز 47

4۔ حدیثِ خواب: عصرِ پائیزی و ماجرای شگفت آور 50

5۔ مناجاتِ ره نورد 50

6۔ پیکرِ زنده رود ظاهر می شود 51

7۔ تجلیلِ زنده رود از ره نورد 51

8۔ خطابِ زنده رود با ره نورد: زنده رود رهبرئ ره نورد را بعهدهٔ خود میگیرد 52

بخشِ اول: وادئ ظلال (The Valley of Shadows)

9۔ دشتِ زرد 60

10۔ خارستان 62

11۔ روحِ بودا آشکارا می شود و اندیشهٔ خود را که مربوط به فضائلِ هشت گانه می باشد، ابراز میکند 65

12۔ حرکت بسویِ راهِ وادی نما و کوه پایه 66

13۔ درپسِ کوهسار و قلزمِ خونین 68

14- نوحۀ الهٰی بخش غدار بر حالِ خویش 70
15- ساحلِ گرمِ ریگ 71
16- منطقۀ أتشین: آتشِ سرخ گون 72
17- آتشِ نیلگون 75
18- آتشِ سپید 76
19- آتشِ زمهریر 77
20- عذابِ مردمانیکه اولادِ کسان را با مکر و حیله از ایشان جدا میکردند 78
21- عذابِ قاضیانِ بیداد گر 79

بخشِ دوم: برزخِ امثال (The Purgatory of Forms)

منطقۀ کیفر و امید 83
22- منظره ای سنگلاخی و مردمانِ سنگین لباس
کیفرِ کسانی که راهِ مردمان بستند 84
23- الم کدۀ فراق و هجران زدگی،
سیفو شاعرۀ یونانی در عالمِ فراق از دخترانِ جزیرۀ لیسباس 85
24- باغِ ویرانِ زنِ زیبای از دیارِ هند 88
25- حکایتِ آن زنِ هندی 89
26- پرتوستان: منطقۀ آخرینِ برزخِ امثال که از انوارِ حقائق و افکارِ
متفکرین و نویسندگانِ جهانی روشن است 92
27- منطقۀ ای که قرینِ باغ جاودان است و مقامِ مردمانِ خوش بین و حقیقت شناس

که امیدوارِ پرتوِ جمالِ خداوندی هستند 93
28- منتظرانِ پرتوِ جمال 93
29- شیکسپیئر و محاورهٔ بین او و ره نورد 94
30- ایمرسن، متفکرِ امریکائی بسخن در می آید 96
31- کانت، فیلسوفِ آلمانی
نیطشه، شاعر و حکیمِ آلمانی 96
32- جهانِ نو 97
33- برگسان: مفکرِ فرانسوی که زمان را سرِّ حیات و اصل موجودات قرار داد
و وجدان را از عقل برتر گردانید 97
34- گوته، شاعرِ المانوی 98
35- بازگوئی کردنِ گوته در مدحِ نیطشه بحضورِ حافظِ شیراز 99

بخشِ سوم- بهشتِ جمال (THe Paradiso of Beauty)

36- ساحلِ گلفرش و آغازِ سفر سوی بهشتِ جمال 104
37- دروازهٔ زرّین و در پسِ آن دروازه 105
38- مقاماتِ مردمان دائم الحال: جای مردمانی که درحالت ها خوشنود اند
که در عالم آب و گِل خوششان می آمد 106
39- نموداری فیلسوفِ اندلسی ابنِ رشد 106
40- ابن رشد درمدح عقل ودانش 107

41۔ مقام شیخِ اشراق: شیخ شہاب الدین سہروردی مقتول 108
42۔ مقام خطیبِ لبیب: کہ آزادی خواہ کشوراز دست استعمار انگلیسیان بود 109
43۔ خطیبِ لبیب درسخن درمی آید 110
44۔ مقام رہبرِ معظم : بنیان گذارِ کشورِ پاک1947ء 111
45۔ رہبرمعظم مخاطب بہ زندہ رود ترانہ سنج می شود 111
46۔ حرکت بسوی فردوسِ شاہان دادگستر ودانشمندان وہنروران نامی وخوش نگر 112
47۔ دیدار با نوشیروان عادل و دستور او بزرگ مہر 113
48۔ خطاب رہنورد با نوشین روان 113
49۔ فردوس شہیدان درالماس پایہ ودیدار بامظفر خان شہید درماہ پایہ 115
50۔ کاخ فردوسی طوسی 117
51۔ کاخ و بستان شاعر شرق گرای المانوی گوتہ (از حیثِ پیکرِ مثالی) 118
52۔ فردوس مصور مشرق 120
53۔ کاخ مصور مشرق 121
54۔ کاخِ معمارِ تاج : نادرالعصر استاد احمد لاہوری معمار شاہجہانی 122
55۔ روح میرزابیدل نمودارمی شود 124
56۔ میرزا بیدل غزل می سراید 125
57۔ کاخ مرزا غالب دہلوی 127
58۔ چراغِ مقبلی 128
59۔ دریای نور 129

60- کاخ گل نشان و دختر ماه وش 131
61- گفتار زنده رود 132
62- دیدار با سعدی شیرازی درباغ دانش 132
63- چند پند از سعدی 133
64- پیش ما آمد جهان نوپدید 134
65- ترانهٔ بلبل شیراز حافظ شیرازی 134
66- حافظ شیراز درجذب و مستی میگوید 136
67- گفتار زنده رود 136
68- دفعهً آن وادی ای آمد پدید 137
69- دعای رومی برای سعادت بشر بر زمین 139
70 - رهنورد 139

(دیباچہ)

رہ نوردِ شوق اور فرخ نامہ

فرخ نامہ ممتاز معلم ومفکر، محقق و مدون، نقد نگار و اقبال شناس اور صاحبِ طرز شاعر ڈاکٹر محمد اسلم انصاری کی تازہ ترین فارسی مثنوی ہے۔ یہ مثنوی ایک طرف انصاری صاحب کے ادبیاتِ شرق وغرب کے گہرے مطالعات کا نتیجہ ہے تو دوسری جانب شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبالؒ کی شہرہ آفاق تصنیف جاوید نامہ کے رنگ وآہنگ میں مرقوم ایک متاثر کن تجربہ۔ باطنی طور پر سیرِ افلاک پر مبنی ادبیات کی روایات سے انسلاک کے باوجود یہ شاعر کے انفرادی و ذاتی طرزِ احساس کا ایک ایسا شاہ کار ہے جو نہ صرف کلاسیکی ادبی روایت کی جاگیر میں اضافے کا باعث بنا ہے بلکہ کہنا چاہیے کہ یہ وہ کلامِ خوش آہنگ ہے جو اخلاقیات کے روشن تر نکات کو از سرِ نو اذہان وقلوب میں تازہ کرتا ہے۔ بنیادی طور پر یہ مثنوی ایک ایسے مکالماتی وڈرامائی منظومے کے طور پر پیش ہے جس کا منظر نامہ تخیلاتی ہے۔ مثنوی کا بنیادی کردار 'رہ نورد' کا ہے، جو خود شاعر ہے اور عالم علوی کی سیاحت کا احوال سنا رہا ہے جو وادیِ ظلال، برزخِ امثال اور فردوسِ جمال کی سیر پر مبنی ہے۔ ذہنی وخیالی طور پر انجام پانے والا یہ سفر علامہ اقبال کے تخیلی کردار ''زندہ رود'' کی معیت میں ہے جنھوں نے جاوید نامہ کی فلکی تمثیل میں سیر فلک کی روایت کو اوجِ کمال سے ہم کنار کیا۔ اقبال کا کلام حرکت وحرارت کا استعارہ ہے اور اس مناسبت سے علامہ کے کردار کو بطور رہبر مثنوی میں لانا نہ صرف ان کے شعری مرتبے کی تحسین ہے بلکہ تفکر وتفلسف کے مباحث کو اس انداز شعری میں بیان کرنے کے لیے اس سے بہتر کوئی ہادی و رہبر نہ ہوسکتا تھا۔ 'زندہ رود' کا کردار اقبال کی پیش کردہ اُس شعری روایت کی تجدید بھی ہے جس کے تحت انھوں نے مرشد رومی کی ہمراہی میں سیر افلاک کی روداد تخیلاتی ومفکرانہ رنگ وآہنگ میں پیش کی۔ تاہم فرخ نامہ کا موضوعاتی اختلاف، اس مثنوی کی ایک مختلف منظر نامے میں تشکیل اور مختلف نوعیت کے شعری کرداروں کی شمولیت تقلیدِ محض کے بجائے شاعر کی تازہ کاری کا ثبوت ہے اور یقیناً یہ فکرِ اقبال کا فیضان ہے جسے خود علامہ کے الفاظ میں یوں بیان کیا جاسکتا ہے:

تقلید کی روش سے تو بہتر ہے خود کشی
رستہ بھی ڈھونڈ، خضر کا سودا بھی چھوڑ دے

معراج وسدرۃ المنتہیٰ کی معنویت سے صرف نظر کیا جا سکتا ہے کیوں کہ انصاری صاحب کی اس مثنوی کو پڑھتے ہوئے یہ احساس ہوتا ہے کہ وہ صوفیانہ و عارفانہ روایات کی تحقیقی پیش کش کرنے کے ساتھ ساتھ شعری وفنی سطح پر بھی ان سے قریب تر ہیں۔ مزید براں علامہ اقبال کا جاوید نامہ جس کے تحت شاعر مشرق نے تصوراتی طور پر فلکی سیاحت کی اور فلسفیانہ ومفکرانہ تعبیرات تاریخی اشخاص اور وقائع کی وساطت سے پیش کرتے ہوئے ایک تحرک وحرارت سے بھرپور تصورِ زیست کی نمایندگی کی، علامہ کی پیش کردہ اس مستحکم روایت کے بھی اسلم انصاری نہ صرف امین ٹھہرے ہیں بلکہ انھوں نے اپنے پُرتاثیر قلم سے اس میں نئے رنگ بھر دیئے ہیں۔

فرخ نامہ میں رہ نوردشوق نے اپنی منازل عشق فلسفۂ شوق کے سالار علامہ اقبال (زندہ رود) کی معیت میں طے کی ہیں۔ اس مثنوی کو دوزخ، برزخ اور جنت کی مناسبت سے تین حصوں وادیِ ظلال، برزخ امثال اور بہشت جمال میں تقسیم کیا گیا ہے اور شاعر نے اپنے فلسفہ اخلاقیات کے متنوع زاویے مثالیہ رنگ میں پیش کر دیئے ہیں۔ فرخ نامہ کے ان تین حصوں سے قبل اسلم انصاری نے مثنوی کے روایتی انداز میں تمہیدی حصہ سپردِ قلم کیا ہے جو خالص شاعرانہ فضا رکھتا ہے اور رؤیائی رنگ میں مرقوم ہے۔ یہ حدیث خواب واحد متکلم کے صیغے میں پیش کی گئی ہے اور یہاں شاعر کا بیان کیفیاتِ باطنی کے ساتھ ساتھ خارجی زندگی کے تجربات سے مکمل طور پر ہم آہنگ ہے۔ چناں چہ ہم ایسے رہ نوردِ شوق سے آشنا ہوتے ہیں جو علم کے راستے پر رواں دواں ہے اور مشرق ومغرب کے افکارِ عالیہ سے کسب فیض کر رہا ہے۔ شعر گوئی، ارباب معنی کی صحبت اور فکر وآگہی کے بھرپور لمحات میں تشکیل پانے والا یہ کردار 'حرفِ اعتذار' کی صورت میں آغازِ داستان سے قبل مخاطب کو آگاہ کرتا ہے کہ وہ اقبالؒ، بیدل اور غالب کی پیروی خوش کن میں اور مثنوی معنوی کے فیضان سے شعرِ عجم میں ایک تمثیل ڈھال رہا ہے جو کئی برسوں کی ریاضت اور کدوکاوش پر مبنی ہے۔ وہ اسے بارگاہِ ایزدی میں اسم محمد ﷺ (خاتم النبیین) کے ہمراہ قبولیت کے لیے یوں عاجزانہ پیش کرتا ہے:

کی توانستم بگویم این سخن — دستگیرم گشت لطف ذوالمنن
باز عودِ خویش را بنواختم — پس زیادِ دوست یاری خواستم
نغمہ را بیدار کردم از سکوت — المدد ای رب حیّ لایموت
باز خوانم نام محمودِ رسولؐ — نام اوبردن بود شرطِ قبول

معراج وسدرۃ المنتہیٰ کی معنویت سے صرف نظر کیا جا سکتا ہے کیوں کہ انصاری صاحب کی اس مثنوی کو پڑھتے ہوئے یہ احساس ہوتا ہے کہ وہ صوفیانہ و عارفانہ روایات کی تحقیقی پیش کش کرنے کے ساتھ ساتھ شعری و فنی سطح پر بھی ان سے قریب تر ہیں۔ مزید براں علامہ اقبال کا جاوید نامہ جس کے تحت شاعر مشرق نے تصوراتی طور پر فلکی سیاحت کی اور فلسفیانہ و مفکرانہ تعبیرات تاریخی اشخاص اور وقائع کی وساطت سے پیش کرتے ہوئے ایک تحرک و حرارت سے بھرپور تصورِ زیست کی نمایندگی کی۔ علامہ کی پیش کردہ اس مستحکم روایت کے بھی اسلم انصاری نہ صرف امین ٹھہرے ہیں بلکہ انھوں نے اپنے پُرتاثیر قلم سے اس میں نئے رنگ بھر دیئے ہیں۔

فرخ نامہ میں رہ نوردِ شوق نے اپنی منازل عشق فلسفۂ شوق کے سالار علامہ اقبال (زندہ رود) کی معیت میں طے کی ہیں۔ اس مثنوی کو دوزخ، برزخ اور جنت کی مناسبت سے تین حصوں وادیِ ظلال، برزخ امثال اور بہشت جمال میں تقسیم کیا گیا ہے اور شاعر نے اپنے فلسفہ اخلاقیات کے متنوع زاویے مثالیہ رنگ میں پیش کر دیئے ہیں۔ فرخ نامہ کے ان تین حصوں سے قبل اسلم انصاری نے مثنوی کے روایتی انداز میں تمہیدی حصہ سپردِ قلم کیا ہے جو خالص شاعرانہ فضا رکھتا ہے اور رؤیائی رنگ میں مرقوم ہے۔ یہ حدیث خواب واحد متکلم کے صیغے میں پیش کی گئی ہے اور یہاں شاعر کا بیان کیفیاتِ باطنی کے ساتھ ساتھ خارجی زندگی کے تجربات سے مکمل طور پر ہم آہنگ ہے۔ چناں چہ ہم ایسے رہ نوردِ شوق سے آشنا ہوتے ہیں جو علم کے راستے پر رواں دواں ہے اور مشرق و مغرب کے افکارِ عالیہ سے کسب فیض کر رہا ہے۔ شعر گوئی، ارباب معنی کی صحبت اور فکر و آگہی کے بھرپور لمحات میں تشکیل پانے والا یہ کردار 'حرفِ اعتذار' کی صورت میں آغازِ داستان سے قبل مخاطب کو آگاہ کرتا ہے کہ وہ اقبالؒ، بیدل اور غالب کی پیروی خوش کن میں اور مثنوی معنوی کے فیضان سے شعر عجم میں ایک تمثیل ڈھال رہا ہے جو کئی برسوں کی ریاضت اور کد و کاوش پر مبنی ہے۔ وہ اسے بارگاہِ ایزدی میں اسم محمد ﷺ (خاتم النبیین) کے ہمراہ قبولیت کے لیے یوں عاجزانہ پیش کرتا ہے:

کی توانستم بگویم این سخن — دستگیرم گشت لطف ذوالمنن

باز عودِ خویش را بنواختم — پس زیادِ دوست یاری خواستم

نغمہ را بیدار کردم از سکوت — المدد ای رب حیّ لایموت

باز خوانم نام محمودِ رسولؐ — نام اوبردن بود شرطِ قبول

هر که خاکِ پای آن سردار نیست　　نزدِ ماجز سنگ و خاک و خار نیست
شمعِ هستی را فروغ از نورِ او　　آنکه رخشانَد جهانِ چار سو
"جمله عالم نسخه و دیباچه اوست　　جمله عالم بندگان و خواجه اوست"

اسی حصے میں شاعر خود کو حقیقی طور پر متعارف کراتے ہوئے کہتا ہے کہ میں سرزمین ملتان سے متعلق ہوں جو عارفوں اور مقبولوں کا خطہ ہے۔ شعر وسخن اور علم وادب کا ذوق مجھے علم وآگہی کے راستے پر لے گیا۔ اس ذاتی نوعیت کی فضابندی کے دوران ہی قصۂ مثنوی شروع ہو جاتا ہے جسے شاعر نے 'حدیث خواب' کے زیرعنوان حالت خواب و بیداری کی منظرکشی کرتے ہوئے قلم بند کیا ہے۔ وہ حکایتی پیرایے میں گویا ہیں کہ خزاں رسیدہ عہد میں مجھ سے ماجرائے خوش کن سنیے کہ میں اس لمحے اپنے دل میں سیکڑوں خوں شدہ تمنائیں لیے خوف اور ناامیدی کی کیفیت سے دوچار تھا۔ باہر کا منظرنامہ تو بے حد دل کش تھا لیکن مجھے یوں معلوم ہو رہا تھا کہ گلشن کا ہر ایک شاخ و برگ میرے لیے دشمنِ جاں ہے، اور سوائے موت کے کوئی میرا شہریار نہیں۔ ناخود آگاہی مجھے یہاں تک لے آئی کہ میرا وجود رہ نورد کے کردار میں ڈھل گیا اور پھر اس کی زبانی مناجات پیش ہوئی۔ انصاری صاحب نے داخلی واضطرابی کیفیت کو خارجی منظرنامے کے ساتھ ساتھ رہ نورد کی مناجات کی صورت میں کمال درجے کی شعری مہارت سے بیان کیا ہے۔ اولاً 'رہ نورد' کے گرد و پیش کی تمثالاتی فضائیں ملاحظہ کیجیے:

شامگاهان بود و ابر آلود بود　　نی مه و نی اخترك چهره نمود
لحظه لحظه تیرگی افزون شده　　آبجو پُرآب چون جیحون شده
پُر نهیب و پُرصدا و پُر گزند　　نخل ها چون کوهساران سر بلند
شاخه ها و برگ ها راهم ببست　　سوبسو دیدم که هر سو جنگل است
رفته رفته دورتر رفتم زجو　　سوی جنگل ناگهان آورده رو
شاخها با شاخها پیچیده سخت　　جنگلی انبوه و پُرخار و درخت
لرزه بر اندام بنده مو بمو　　صد صدای پُر نهیب از چار سو

نی کسی از حال من آگاہ بود　　نی مرا این سو نہ آن سو راہ بود

اس خواب ناک فضا میں رہ نورد کی زبانی یہ مناجات پیش ہوتی ہے: اے نظم آفرینِ کائنات میں تیری پناہ مانگتا ہوں کہ تو نے شش جہات میں سیکڑوں تجلیات چشم بینا کے لیے وا کر رکھی ہیں۔ اے حرف وتشبیہ وخیال سے ماوراذاتِ پاک، اے ذوقِ جمال کے بخشندہ، اے ایسی متاع کے خریدار جس کا کوئی خریدار نہ ہو۔ میں غم میں مبتلا ہوں، میری امداد اور دست گیری کر، میری رہ نمائی کر۔ اُسی لمحے ایک پیکر زندہ جنگل کی سمت سے ظاہر ہوتا ہے، جو درحقیقت آفتابِ شعروفرہنگ و ہنر ہے۔ وہ صاحب نظر شاعر معروف، اقبال ہے جو درحقیقت ماہتابِ تابندہ تر ہے۔ 'زندہ رود' (علامہ اقبال) کی تجلیل پر رہ نورد اس سے یوں مخاطب ہوتا ہے:

ای فروغِ دیدۂ آزادگان　　بافر از تو ملتِ اسلامیان

ای شعورِ ما ز تو سرمایہ دار　　کس نیامد ھمچو تو در روزگار

گلخنِ مارا گلستان ساختی　　خاکِ مارا مطلعِ جان ساختی

خفتگان را بختِ بیدار آمدی　　مثلِ فصلِ گل بگلزار آمدی

فکرِ خود را خوان یغما ساختی　　ای خوش آن روزی کہ با ما ساختی

رھبر فرزانۂ ما آمدی　　مژدۂ نوروزِ فردا آمدی

رھنمای کاروانِ من توئی　　ھم درین رہ پاسبانِ من توئی

جواباً 'زندہ رود' پریشاں خاطر رہِ نوردِ شوق سے موانست کا عہد کرتا ہے اور اس رمز سے آشنا کرتا ہے کہ راستہ گم کرنے ہی میں زندگی کی معنویت پوشیدہ ہے اور جسے حقیقی معنوں میں راہ سمجھنا چاہیے وہی راستہ درحقیقت معنوی سفر کا آغاز ہے۔ اس موقعے پر زندہ رود کی زبانی جن خیالات کا اظہار ہوا ہے وہ علامہ کے نظریۂ زیست کے عکاس ہیں۔ شعر دیکھیے جہاں 'زندہ رود' بے چین ومضطرب رہ نورد سے کہتا ہے کہ تو جس معنوی سفر کا مسافر ہے اس کے طور طریقے بہت مختلف ہیں:

آنچہ می بینی زذرّہ بیش نیست　　از محیطِ آب قطرہ بیش نیست

عالم ما گر بھارستان بود　　این ھمہ یك غنچۂ خندان بود

این سفر صد حکمتت ارزان کند　　بر تو کارِ زندگی آسان کند

این زمان و این مکانی دیگر است　　ساعتی اینجا جهانِ دیگراست

تو نمی دانی چه رنگست این جهان　　روزی این عالم قرونِ آنجهان

هرچه پیش آید اگرچه صورتست　　معنئ معنیست کاین صورت ببست"

یہ کہہ کر وہ حکیم پاک زاد رہ نورد کو اپنے ہمراہ لے لیتا ہے اور مسکرا کر کہتا ہے کہ آؤ ہمت کرو، ڈرو مت۔ حق تعالیٰ نے یہ زمین و آسمان تخلیق فرمائے ہیں اور اس دنیا کو خیر و شر کے درمیان رکھا ہے جہاں دشت و دریا اور باغ و راغ بھی ہیں اور سیکڑوں چاند، ستارے چراغوں کی طرح روشن ہیں۔ آگے بڑھو، ان کا مطالعہ و مشاہدہ کرو، تدبر و تفحص سے کام لو۔ رہبر کے یہ الفاظ سنتے ہی رہ نورد کیا دیکھتا ہے کہ تنگ و تاریک راستوں میں فراخی آجاتی ہے اور بظاہر جو راستہ کوہساروں کے مانند دشوار گذار معلوم ہوتا تھا اسی میں سے مزید راستے نکل رہے ہیں۔ یہ کیفیت دیکھ کر رہ نورد کا دل جب اندیشوں اور وسوسوں کا شکار ہونے لگا تو 'زندہ رود' نے کہا:

رهبرم گفت 'ای سفرناکرده دوست　　هرکجا بینی سروسامان اوست

دست هرنامحرم و نادان مگیر　　منزلِ دشوار را آسان بگیر'

یوں اس سفر معنوی کا آغاز ہو جاتا ہے اور اس فلکی سفر کا پہلا پڑاؤ 'وادیِ ظلال' (The Valley of Shadows) ہے اور یہ عنوان عارفانہ روایت کے تحت فلسفیانہ سطح پر دوزخ کے لیے اختیار کیا گیا ہے۔ وادیِ ظلال وادیِ ظلمات کے کنارے دکھائی گئی ہے جو سیاہ اور زرد شعلوں سے بھرپور ہے اور عالم یہ ہے کہ کسی میں بھی اسے عبور کرنے کی ہمت نہیں۔ البتہ اس کے بیچوں بیچ ایک نیم اور روشن تنگ راستہ مسافروں کی رہ نمائی کر رہا ہے۔ رہ نورد 'زندہ رود' کی ہم راہی میں یہیں سے داخل ہوتا ہے۔ ہر طرف آگ اور دھوئیں کے بادل ہیں۔ اس تنگ راستے کے اوپر کی جانب ایک قلعہ ہے جس کا دروازہ سنگین اور قدیم ہے، نہ کوئی پاسبان نہ داروغہ، محض یہ عبارت تحریر ہے:

"بشنود هرکس که تا اینجا رسید

پاك شوید دل زهر نقش امید"

یعنی نقش اُمید کو مٹا کر ہی یہاں تک رسائی ہو سکتی ہے۔ زندہ رود نے یہ دیکھ کر کہا: اے بیٹے! یہ سرتاسر مقامِ خوف ہے لیکن ہم پروردگار کی رحمت سے بہ حفاظت منزل تک پہنچ جائیں گے۔ چلو، جو ہوگا، دیکھا جائے گا۔ اندر جا کر

معلوم ہوتا ہے کہ یہ قلعہ نشانِ زندگی سے یکسر خالی ہے۔ نہ برگ وثمر، نہ باغ وراغ اور نہ ہی دوزخ کا کوئی سراغ۔ رہ نوردریافت کرتا ہے کہ اے مرشد! یہ کیسی دوزخ ہے جس کے شعلے مفقود ہیں؟ رہبر جواباً کہتا ہے کہ اے جوانِ ہوش مند! ہر جہنم آگ سے بہرہ مند نہیں ہوتی اور ہر گناہ کا جداگانہ حساب کتاب اور عذاب ہوتا ہے۔ جب غم انسان کو بری تقدیر سے دوچار کرتا ہے تو اس میں جلنا بھی گویا عذاب ہی کی ایک صورت ہے۔ ہر بُرائی کی مختلف اذیت ہے اور ہر جہنم کی عقوبت الگ۔ یہاں پہلا گروہ دُنیا میں عاجلانہ اور بے عمل زندگی گزارنے والوں کا نظر آیا۔ یہ وہ لوگ تھے جن کی زندگی کے تمام امور پر ناپایداری اور نامحکمی کا جادو طاری رہا جس کے باعث یہاں وہ بے حاصلی سے ہم کنار ہوئے۔ اگر دنیا میں وہ مختلف امور کی انجام دہی میں صبر واستحکام سے کام لیتے تو آج یہاں نہ ہوتے۔ ''زندہ رود'' کی زبانی شعر دیکھیے:

از فسون عجلت و نا محکمی　　کارِ شان راحاصل این بی حاصلی

صبر و تمکین ازحق است ای ذوفنون　　کار نامحکم بود آخر زبون'

یہ وہ روشن پہلو نکتہ ہے جس کا تذکرہ کلامِ اقبال میں بھی کثرت سے ملتا ہے، مثلاً:

وہی دیرینہ بیماری، وہی نامحکمی دل کی
علاج اس کا وہی آبِ نشاط انگیز ہے ساقی

در اطاعت کوش اے غفلت شعار
می شود از جبر پیدا اختیار

دہر میں عیشِ دوام آئیں کی پابندی سے ہے
موج کو آزادیاں سامانِ شیون ہو گئیں

اس خطے کا دوسرا گروہ کم کوش لوگوں کا تھا جن کی آنکھیں خلا میں مرکوز تھیں اور وہ گویا قید بے زنجیر میں جکڑے ہوئے تھے۔ وہ مٹی کے اجسام کی طرح ساکت وصامت تھے اور بظاہر حقیقی وواقعی انسان ہونے کے باوجود حرکت سے عاری۔ وہ اس قدر سست تھے کہ ان کی خفیف سی حرکت میں ماہ وسال لگتے۔ یہ سب اربابِ تعطیل وہ تھے جو دنیا میں جب کبھی کسی کام کے لیے مستعد ہوتے تو ہر صبح کہتے کہ شام کو کریں گے اور ہر شام یہ کہتے کہ صبح کرلیں گے اور اسی روز وشب میں ان کی زندگی گزر گئی:

هر سحر گفتند اینك می رویم　　شامگه گفتند فردا می کنیم

'روز و فردا' روزگارِ شان ببرد　　عمرِ شان از دستِ شان آسان ببرد'

یہاں بھی اقبال کا شعر یاد آتا ہے:

اسی روز و شب میں الجھ کر نہ رہ جا
کہ تیرے زمان و مکاں اور بھی ہیں

جب رہبر اور رہ نورد دوسرے ٹھکانے کی طرف بڑھتے ہیں تو انھیں مزید تاریکی، تنہائی اور کم مائیگی کا سامنا ہے اور اس پُر مہیب فضا کو شاعر نے تاریکی کی تمثالوں سے بخوبی پیش کیا ہے۔ اسی لمحے اس ظلمت خانے میں شاعر کے دل میں یہ خیال آتا ہے کہ دوری یا ہجر بھی کسی دوزخ سے کم نہیں، مہجوری آتشِ سوزاں ہے اور اس کے مقابلے میں وصل گلزار اور فصل آتش وش ہے۔ حیف! یہاں صحبت یاراں نہیں۔ کاشکے ساقیِ شعلہ بدن اپنا چہرہ دکھائے اور فراقِ انجمن کو نیست و نابود کر دے۔ وہ دعا بھی کرتا ہے کہ اے چراغِ جاں، آ کر اپنا نور بکھیر دے اور میری آرزو کے شراروں سے سیکڑوں گل تراش دے۔

آگے ''دشت زرد'' ہے جہاں فضائے خنک کا سامنا ہے اور حالت یہ ہے کہ مارے وحشت کے تابِ رفتار چھن رہی ہے۔ یہاں ہر سُو خزاں ہے اور خوفِ مرگ طاری ہے۔ نہ کہیں آب گاہ، نہ آبجو، فقط درشت ریگ۔ یہاں فکر و آگہی کے لیے کوئی جگہ نہیں بلکہ کہنا چاہیے کہ یہاں دل کی صدا کا تخم ہی کاشت نہ ہوا تھا۔ یہیں شاعر کو صحرائی ریگ میں لپٹا ہوا ژولیدہ مو اور زرد رو شخص دکھائی دیتا ہے جو اپنا احوال سناتا ہے کہ دراصل دنیا میں وہ عالم دین تھا لیکن خوفِ خدا سے عاری تھا اور ساری زندگی اس نے فکر و فتنہ اور بغض و کینہ پیدا کر کے اپنی جیبیں سیم و زر سے بھریں۔ اس نے شرع کو بازیچہ اطفال بنا رکھا تھا اور دشمنانِ حق کے ساتھ جا ملا تھا۔ وہ ہرزہ سراؤں کا گویا مرشد تھا۔ عالم یہ تھا کہ اس نے ایک خوش نہاد اور صاحب کردار قلندر کو جو عارفانِ سرِّ دین کے گروہ سے تھا، حکمتِ شرع مبین کا نکتہ دان تھا اور جس نے درِ شاہ پر کبھی گردن نہ جھکائی، اپنے جھوٹے فتوے سے مار ڈالا:

این چنین گفت آن فقیهِ بی وقار　　بانگ بر زد وانگهان نالید زار

شعلهٔ بی نورِ او چو دود شد　　در فضای زردگون نابود شد

رہ نورد کا اگلا پڑاؤ ''خارستان'' ہے جو بظاہر باغ کے مانند تھا لیکن باغ و راغ کے آثار سے عاری۔ ہر سو کانٹے اور سامانِ موت۔ درختوں کی شاخیں تلواروں سے تیز تر اور کانٹے جنگلی درندوں سے بڑھ کر درندہ صفت۔ یہیں ایک

درخت رہ نورد سے گویا ہوتا ہے کہ اے جوانِ ہوش مند! اس محفلِ خار سے پھولوں کی طرح مت گزر۔ یہ بات سن کر رہ نورد اس ویرانۂ خونیں بہار میں بے اختیار رو پڑتا ہے اور درخت سے اس حالت کا سبب پوچھتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ میں ان لوگوں میں سے تھا جو کانٹے کی طرح سخت مزاج ہوتے ہیں اور میں ہمیشہ خار ہی اُگاتا رہا۔ میں دوسروں کے زخموں پر نمک چھڑکنے والوں میں سے تھا۔ ہم وہ لوگ تھے جو لوگوں کی الواحِ دل پر خراشیں ڈالتے تھے۔ ہم اس قدر بدگو، بدشعار، عیب جو اور بدخو تھے کہ دنیا میں لوگوں کی ایذا رسانی کا باعث بنتے رہے اور آج ہم یہاں سراپا اذیت ہیں، خار خار، خونچکاں اور دل ریش تر ہیں۔ یہیں پر شاعر کو ایک نُور کا ہالہ جس کا ذکر اس نے ''روحِ بودا آشکارا می شود'' کے زیرِ عنوان کیا ہے جو 'کرِ ما' یعنی پیروانِ بودا کے اس عقیدے کی توضیح میں مرقوم ہے کہ انسان کا ہر نیا عمل پہلے عمل کا لازمی نتیجہ ہے۔ روحِ بودا یہ کہتی ہے کہ اے زندوں کے سفیر! اس عالمِ عیان میں ادلے کا بدلہ ہے اور اعمال کا سلسلہ یونہی جاری رہتا ہے۔ جان لو کہ ہر عمل کا ردِ عمل ہے اور موجِ تفکر کی جنبش بھی تو ایک عمل ہی ہے۔ ہمارے تخیل سے آباد ذہنوں میں جو تمثالیں تخلیق پاتی ہیں، وہ بھی اعمال ہی ہیں اور ہم سب اعمال کی ایک ایسی زنجیر کے اسیر ہیں جس کا ہر ایک حلقہ دراصل ہماری وہ تدبیر ہے جو کسی عمل کے لیے ہم کرتے ہیں۔ برسوں گزر گئے میں نے اس اصول کی تحفیظ میں حرفِ عمل کو اس قدر طول دے رکھا ہے۔ روح بودا مزید کہتی ہے کہ میں تمھیں اس مرگ زار سے نکال لوں گی، قدم بڑھاؤ کہ اگر یہ سمندر ہے تو پھر ساحل بھی بہت ہیں۔ اس کا 'شہود' اس دنیا کے غیب سے ہے۔ مسلسل عمل کا ثمر ضرور ملتا ہے۔ ہر غیب کی جیب نمود کے موتیوں سے بھرپور ہے اور یاد رکھو کانِ وجود بھی کیسے کی طرح موتیوں سے بھری رہتی ہے۔ اے عزیز! چند رمزیں مجھ سے سیکھ لو اور وہ یہ کہ اچھا سوچنا، سچ بولنا اور سچے اعمال انجام دینا دراصل حالت پناہ میں آنے کے مترادف ہے۔

آگے چل کر دونوں کو ایک وادی نما حصہ درپیش ہے۔ تاحدِ نظر پہاڑ ہیں اور اس وادی میں سیکڑوں کم لباس، بے حواس اور پُر ہراس لوگ جمع ہیں جن کا شمار کرنا محال ہے۔ یہ سب گریہ کناں ہیں اور حلقہ در حلقہ کسی بھنور کی طرح وفورِ اضطراب میں بھاگ رہے ہیں۔ ان میں سے کچھ پہاڑوں کی اطراف رواں دواں تو ہیں لیکن کچھ ہی بلندی پر پہنچ پاتے ہیں کہ ان کے سروں پر پتھروں کی بارش ہونے لگتی ہے۔ ہر کوئی دوسرے سے عبرت پکڑ رہا ہے۔ ہر ایک گروہ کی حالت ابتر ہے اور کہنا چاہیے کہ ان میں بے بصر لوگوں کا گروہ بدتر ہے۔ زندہ رود اپنی فراست سے رہ نورد کی بے چینی بھانپ لیتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ دیوانے وہ ہیں جو بے مقصد اور بے فائدہ زندگی گزار گئے۔ آگے بڑھو، ان سے منھ

پھیرنا ہی بہتر ہے کہ یہ جگہ ہر لحظہ تاریک تر ہو جائے گی۔ چلو، ہماری منزل پہاڑوں سے آگے ہے۔ یہ تکلیف دہ راستہ بھی مرشد کی ہم راہی میں طے پاتا ہے۔ یہاں کی وادیاں تنگ و تاریک تھیں اور جگہ جگہ بھیانک غار منھ کھولے ہوئے تھے۔ سامنے خون کا سمندر تھا اور سرخ آندھیاں دیکھنے والوں کے لیے حشر ساماں تھیں۔ اسی محیط بے کنار کے قریں سیر العباد کے مصنف سنائی غزنوی کی روح ایستادہ تھی جو اس معنوی سفر کے پُر پیچ راستے میں مسکرا کر کہہ رہی تھی: ''اے فرزند اُدھر دیکھو۔'' چناں چہ کیا دیکھتے ہیں کہ ایک کشتیِ سیمیں ساحل پر آ لگی ہے اور سنائی 'زندہ رود' سے کہہ رہے ہیں کہ اے پسر! حیران مت ہو، ہماری سواری آ پہنچی۔ وہ اُفتاں و خیزاں سوار ہوتے ہیں تو سنائی کی آواز سنائی دیتی ہے کہ ہمارا ناخدا اللہ ہے۔ بادِ صرصر سے رہ نورد کے اعصاب شکستہ ہیں، قلزم خونیں متلاطم ہے اور ہر لحہ اس کی لہروں میں سیکڑوں مگرمچھ اور سانپ اُبھرتے ہیں۔ اسی سمندر میں دو افراد دکھائی دیتے ہیں جو شدید پیچ و تاب میں غوطے کھاتے ہوئے کشتی کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ وہ کبھی سطح آب پر اُبھرتے تو کبھی گم ہو جاتے اور بالآخر مگرمچھوں کا لقمہ بننے کو تھے۔ بالکل اسی طرح جیسے یہاں ہر سعی کرنے والا اپنے انجام سے دوچار ہو رہا تھا۔ زندہ رود شاعر کی رہ نمائی کرتے ہوئے بتاتا ہے کہ ان میں سے ایک لعین شخص الٰہی بخش ہے جو بہادر شاہ ظفر کا خادم تھا جس نے مکر و غداری سے بادشاہ کو انگریزوں کے حوالے کیا اور وہ رنگون جلاوطن ہو کر راہی ملک عدم ہوئے۔ دوسرا دگلس ہے جو انگریز گروہ کا سالار تھا اور سفا کی میں معروف۔ وہ تیموری مسلمانوں کے خون کا پیاسا تھا اور اس نے ان کا بے دردی سے قتل و خون کیا۔ اب یہ دونوں دائم دریائے خون میں غرق آب اور بے مرگ رواں ہیں۔ مثنوی میں اس مقام پر 'نوحۂ الٰہی بخش' رقم ہے جو اپنے دروغ اور حیلے پر ماتم کناں ہے اور یہ کردار فی الحقیقت غدار کے انجام کی تصویر دکھاتا ہے۔ آگے چل کر 'ساحل گرمِ ریگ' کا سامنا ہے جو دور سے دھویں کی لکیر معلوم ہو رہی تھی۔ صحرائی ہواؤں میں ساحلی پودے بے ثمر و بے گل تھے اور ان کی شاخیں کانٹوں سے اٹی ہوئی تھیں۔ ہر سُو موت کا خوف تھا اور یہاں کم لباس، بے خود اور گریہ کناں عورتوں کا ایک بے قرار گروہ پُر خار شاخوں کو اپنی جانب کھینچ رہا تھا۔ زندہ رود وضاحت کرتا ہے کہ یہ فانی دنیا کی بے وفا، بے خود، بے اختیار اور بے خوف عورتیں ہیں جو اپنے حیلہ و مکر سے اپنے اپنے ہمسر کے بجائے دوسروں پر ملتفت رہیں اور عفت کے آب دار موتی لٹانے کے باعث اس خار زارِ بے اماں میں تا قیامت یونہی بھٹکتی رہیں گی۔ اسی جنگل کے کنارے ایک زرد و سبز شعلوں سے بھرپور ٹھکانے میں وہ لوگ موت کو ترس رہے تھے جو دنیا میں منکر، جھوٹے، راہزن، مفسد، واعظ، ناصح بے عمل اور پیران پُر دغل تھے اور دنیا میں ہمہ وقت فتنہ و فساد ہی پھیلاتے رہے۔

''منطقۂ آتشین'' کئی سو نوری سال کے فاصلے پر ہے لیکن اس وقت دونوں کو یہ عرصہ مختصر معلوم ہوتا ہے۔ یہاں تاحدِ نظر بھڑکتی ہوئی سہم ناک آگ ہے اور چاروں طرف الامان والحذر کی صدائیں اور اس آشوب آتشیں میں لپٹے ہوئے مرد اور عورتیں۔ ان ناصبور لوگوں کی آنکھیں، کان، ہاتھ اور منھ سلے ہوئے تھے۔ ہر جسم کا شعلہ یہی صدا دیتا تھا کہ میرے اعمال کا انجام بُرا ہوا۔ یہ وہ لوگ تھے جو جھوٹ، مکر اور فتنہ وفساد کے حیلوں سے قوم وملت میں افتراق ڈالتے رہے اور ان کے فتنے جمعیتِ ملت کو پارہ پارہ کر گئے۔ یہیں ایک شخص آگ سے جھلس رہا تھا جس کے گلے، دامن، ہاتھ، پاؤں، چہرے اور زبان میں کانٹے دھنسے ہوئے تھے اور مارے درد کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہو چکے تھے۔ رہ نورد کے استفسار پر زندہ رود بتاتا ہے کہ یہ سیاہ رو اور ہرزہ گو شخص دنیا میں ایک دل خراش شاعر ہوا کرتا تھا۔

''منطقۂ آتشین'' کا دوسرا حصہ ''آتشِ نیلگون'' ہے جو نہایت مہین اور تنگ وتاریک مقام ہے۔ یہ سرخ شعلوں کے عقب کی دنیا ہے جس کی جلن بھی زیادہ ہے۔ یہاں لوگ طوق اور زنجیروں میں جکڑے ہوئے آبِ آتشیں کو بھی غنیمت سمجھتے ہوئے اس کے لیے ترس رہے ہیں لیکن اسے پینے پر ان کی حالت مزید بگڑ جاتی ہے۔ پانی کی ندیاں ان کے قریب آتی ہیں لیکن جونہی یہ پینے کو لپکتے ہیں تو یہ ریت اور آگ میں مبدل ہو جاتی ہیں۔ یہاں وہ کج نہاد لوگ جمع تھے جو دُنیا میں لوگوں کے درمیان فتنہ وفساد ڈالتے رہے:

درمیـــان جـنـگ از طبـعِ سـقیـم　　آب را بستـنـد ایشـان برغـنیـم!''

تیسرا حصہ ''آتشِ سپید'' کے زیرِ عنوان ہے جس کے شعلے بلند اور بظاہر نور اور کافور کے مانند سفید ہیں، لیکن فی الاصل نہایت تند و تیز ہیں اور ان کی تندی سے لوگ گھائل ہو رہے تھے۔ رہبر نے بتایا کہ یہ ناصحوں کا گروہ ہے جو یہاں سزا کاٹ رہا ہے:

الحذر زین تیره بختان ، الحذر　　الحذر زین حقه بازان ، الحذر''

آگے چل کر دونوں کو ''آتشِ زمہریر'' کا سامنا ہے جہاں سرد مزاج، بے مہر اور ظالم وسفاک لوگ سزا کاٹ رہے تھے۔ یہاں خنکی کے مارے خون رگوں میں جم رہا تھا اور ہڈیاں بادِ صرصر سے شکستہ ہو رہی تھیں۔ ہوا یخ بستہ تھی اور اس مرگ زا برف کے دریا میں لوگ فضا میں معلق تھے۔ خنک ہواؤں سے ان کے جسموں سے قطرہ قطرہ خون ٹپک رہا تھا اور وہ موت کی حسرت کر رہے تھے۔ اس موقعے پر زندہ رود بتاتا ہے کہ یہ سرد مہر اور تند خو لوگ زر پرستوں میں سے تھے، انھوں نے ساری زندگی کسی کو نفع نہ دیا اور اب یہاں سزا بھگت رہے ہیں:

کس نبردہ سود ازین سنگین دلان　　صد جفا دیدند مردان زین کسان
اندرون شان سوز و دلگرمی نبود　　بر زبانشان گفتگو نرمی نبود
این همہ سردی ز دلسردیٔ شان　　یخ ببست و زمہریری شد ازان!''

اسی طرح مکر وحیلہ سے کام لینے والے بالخصوص اولاد اور والدین کے مابین جدائی ڈالنے والوں کی سزا کا منظر نامہ کوہِ گراں کے بیچوں بیچ یوں دکھایا گیا ہے:

گفت: 'اینہا مردمان پُر جفا　　از کسان اولادِ شان کردہ جدا
جائی دلہا پارہ سنگی داشتند　　دیدن بچگان نمی بگذاشتند
ہیچ اشکِ مادر و دردِ پدر　　با دلِ سنگین شان کردہ اثر
نی پذیرفتند زاری از کسی　　گرچہ می نالید پیش شان بسی
این ہمان باریست کہ دلہا فشرد　　ہریکی درحال سنگینی بمرد'

وادیِ جہنم کے سب سے آخری حصے میں شعلوں سے اٹا ہوا ایک جنگل دکھائی دیا جس کے درختوں کی ٹہنیاں تلوار کی سی کاٹ رکھتی تھیں اور درخت چھاؤں کی بجائے شعلے برسا رہے تھے۔ رہ نورد کے استفسار پر زندہ رود کہتا ہے کہ یہ ان قاضیانِ ناسزا کا مسکن ہے جنھوں نے لوگوں کو ناحق سزائیں دیں:

قاضیان غیر منصف را ببین　　سوختہ سامان و بس اندوھگین
در جہان تخمِ تظلم کاشتند　　عدل نی کردند و دعویٰ داشتند
بی گناہان را بدار آویختند　　کذب ہا با کذب ہا آمیختند
عدل را صدبار میکردند خون　　می شوند اینجا بصد خواری زبون

یوں اسلم انصاری نے اخلاقیات کے تناظر میں اس مثنوی میں جہنم کا ایسا عبرت اندوز نقشہ جمایا ہے کہ اسے پڑھ کر بانگِ درا کی نظم ''سیرِ فلک'' کا آخری حصہ یاد آجاتا ہے، جہاں علامہ نے تخیل کی ہم سفری میں سیرِ فلک دکھائی ہے۔ یہاں جب اقبال کا تخیلاتی سطح پر حلقۂ صبح وشام کے اس پُرانے نظام سے نکل کر آسمان پر گزر ہوتا ہے تو جہاں

ایک طرف اِرم کو ''خاتمِ آرزوئے دیدہ و گوش'' قرار دیتے ہیں، وہیں جنت سے ان کی نگاہ ٹھکانۂ جہنم پر پڑتی ہے، جس کا ذکر یوں کرتے ہیں:

دُور جنت سے آنکھ نے دیکھا
ایک تاریک خانہ، سرد و خموش
طالعِ قیس و گیسوئے لیلیٰ
اُس کی تاریکیوں سے دوش بدوش
خُنک ایسا کہ جس سے شرما کر
کُرۂ زمہریر ہو رُوپوش
مَیں نے پوچھی جو کیفیت اُس کی
حیرت انگیز تھا جوابِ سروش
یہ مقامِ خُنک جہنم ہے
نار سے، نُور سے تہی آغوش
شعلے ہوتے ہیں مستعار اس کے
جن سے لرزاں ہیں مردِ عبرت کوش
اہل دنیا یہاں جو آتے ہیں
اپنے انگار ساتھ لاتے ہیں

ڈاکٹر اسلم انصاری کا یہی استدلال ہے کہ اہل جہنم دنیائے فانی میں اپنی اخلاقی تنزلی کے باعث دنیائے باقی میں ایسے بھیانک عذاب کے سزاوار ٹھہرے اور اس نقطۂ نظر کو انھوں نے کمال درجے کی فکر انگیزی اور شعری پختگی کے ساتھ شعری پیکر میں ڈھالا ہے۔

فرخ نامہ کا دوسرا حصہ ''برزخِ امثال'' یعنی (The Purgatory of Forms) کے زیرعنوان مرقوم ہے۔ اس کا آغاز کیفر و امید کے منطقے سے ہوتا ہے اور یہاں دنیا کے خطا کار کیفر کردار کو پہنچنے کے قریں ہیں۔ برزخ میں وہ پروردگار سے ملتجی ہیں کہ انھیں واصل جہنم نہ کیا جائے۔ اس حصے کا آغاز ساقیِ ازل کی مدح و ستائش سے کیا گیا ہے اور

شاعر یہاں ساقی نیکوصفات سے اپنی جانِ بے تاب کی تسکین کا خواہاں ہے، نیز وہ خمستانِ سخن سے ایک گھونٹ کا طلب گار بھی ہے۔ 'زندہ رود' اس کی کیفیات کو بھانپتے ہوئے اسے ممکناتِ زندگانی کے لامتناہی ہونے اور ہر مقام آخریں کو اوّلین سمجھتے ہوئے جہانِ دیگر کی تلاش میں منہمک رہنے کا سبق دیتا ہے۔ یہاں زندہ رود کی زبانی رقم کیے گئے شعر پارے اقبال کا رنگ لیے ہوئے ہیں، ملاحظہ کریں:

ای پسر حیران مشو در خود نگر — یك جهان باشد برایت منتظَر

دردلت صد بحر ها اندر خروش — درضمیرت صد جهان حیرت فروش

آتش و گل نغمه ای یك ساز جان — هرنفس پیدا کند صد راز جان

اینکه پیش تست برزخ نام اوست — وقفه ای بین دو حرفِ گفتگو ست

برزخ کا پہلا منظر ایک سنگلاخ مقام پر مبنی ہے جہاں سنگین لبادوں میں لپٹے ہوئے وہ لوگ اپنی سزاؤں کے منتظر ہیں جن کا جرم لوگوں کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کرنا تھا۔ زندہ رود کہتا ہے کہ دیکھو جو دوسروں پر پتھر برساتے تھے، یہاں کس طرح خستہ و بے جان ہیں اور مسدود راستوں کو کھولنے میں مصروف کار ہیں۔ وہ زیرلب کچھ بڑبڑا رہے تھے اور انھیں اس کام سے مطلق فرصت نہ تھی۔ حالت یہ تھی:

سنگ دست و سنگ پا و سنگ رو — سنگ چشم و سنگ گوش و سنگ مو

سنگها بر سنگها می کوفتند — پیرهن از سنگها می دوختند

رہ نورد اپنے مرشد سے ماجرا دریافت کرتا ہے تو جواباً انہی میں سے ایک گویا ہوتا ہے کہ ہم دوسروں کی راہیں مسدود کرتے تھے چناں چہ دیکھو آج ہم سب پر راستے بند کر دیئے ہیں۔ وہ دونوں انھیں اس حالت میں چھوڑ کر آگے بڑھتے ہیں تو آگے مزید دل خراش منظر نامہ درپیش ہے۔ یہ فراق کے ماروں کی ایک وادی ہے جو حزن واندوہ اور ملال ویاس سے بھرپور ہے۔ یہاں سبھی تشنہ لب ہیں لیکن پانی نایاب۔ چاروں طرف محض بے برگ و بار پودے ہیں وحشت کا عالم ہے اور ہر سُو فقط دھویں کے بادل:

گرم بود آن وادیٔ پُر احتراق — از فغانِ الفراق و الفراق

یہاں قدیم یونانی شاعرہ دکھائی دیتی ہے جو زندگی میں خوبصورت لڑکیوں کی عاشق تھی اور ان کے عشق میں

غزلیں کہا کرتی تھی۔ اس نے عین جوانی میں حالت عشق میں پہاڑ سے کود کر اپنی جان دے دی۔ یہاں وہ ایک بے نصیب قطعے پر بے صبری کی حالت میں براجمان تھی۔ یہ ماہ سیمیں پیکر اور خوش گل شاعرہ جس نے اپنی دل بری، عشوہ طرازی اور ساحری سے کئی عشقیہ نکات شعری قالب میں ڈھالے، جس کی ایک نگاہ سیکڑوں حیرتوں کے جادو لیے ہوئے تھی اور جس کی ہستی دنیا میں چمن عشرت فروش کا سماں پیدا کیے ہوئے تھی، یہاں وہ فراقِ دوستاں کی گلہ گزار تھی۔ پری، مہروش، گل بدن، زرینہ، سلیمیٰ، فریحہ، بہار وغیرہ سبھی کو یاد کر رہی تھی اور بار ہا پکار رہی تھی۔ یہ سب حسینائیں جو ایک سے بڑھ کر ایک تھیں، اس کی کیفیت دیکھ کر جواباً کہہ رہی تھیں کہ ہم سب یہاں ہیں، آؤ ہماری محفل کو گرماؤ۔ جس پر یہ زنِ مہجوران کی طرف لپکی لیکن جونہی قریب ہوئی تو یہ گروہ دور تر ہو کر شعلوں کی لپیٹ میں آ گیا۔ اچانک خوش گوار ہوائیں چلنے لگیں اور برگ و بار دمکنے لگے اور اس موقعے پر یوں کلام کیا گیا ہے کہ اے شاعرہ! تو خوبرو تھی لیکن تیرا اس طرح دل کو گھلانا کارِ خوب نہ تھا۔ اپنی نفی کرنا کوئی اچھی بات نہیں۔ یہ گویا ذوقِ سجود میں ہوس کو شامل کرنا ہے اور قلب و جان کی خطا کے سوا اور کچھ نہیں۔ اس کے بعد شاعر نے دیارِ ہند سے ایک اور خوبرو عورت کے ویران باغ کا منظر دکھایا ہے جو خزاں زدہ فضا میں شدید غم والم سے دوچار تھی۔ اس کی آنکھوں سے اشک جاری تھے، چہرہ دھواں تھا اور وہ کفِ افسوس مل رہی تھی۔ وہ وحشت کے مارے اِدھر اُدھر بھاگ رہی تھی، اس کی پلکیں آنسوؤں سے تر تھیں اور اس کی زلفیں چہرے پر اشکوں کے بادلوں کی طرح چھائی ہوئی تھیں۔ وہ روتے ہوئے بے وفاؤں کو یاد کر رہی تھی۔ زندہ رود اور رہ نورد اس ''پارۂ افسوں'' سے اس ویرانے میں آنے کی وجہ دریافت کرتے ہیں تو وہ یہ قصہ سناتی ہے: ''میرا نام ممتاز ہے اور میں ہندوستان میں ساحل کے قریب رہتی تھی۔ میرا ہمسر خوش رو جوان تھا اور وہ خوش کلامی اور خوش خرامی میں گویا کامل تھا۔ وہ مجھ سے بہت محبت کرتا تھا اور اس کی باتیں اور اس کے اعمال اس کی محبت کے شاہد بھی تھے۔ وہ دن رات یہی کہتا کہ اے جانِ جاں تمھارے بغیر زندگی بے کار ہے اور تم میری ہزاروں خواہشوں کا ثمر ہو۔ ہم یک جان و دو قالب ہیں۔ یوں ایک سال رفاقت میں گزر گیا لیکن یوں سمجھیے بالکل اولین بہار کی طرح۔ ناگہاں میں بیمار ہوئی اور میرے ہمسر کی حالت مجھے دیکھ کر تباہ و برباد ہو گئی۔ اس کی بھوک پیاس ختم ہو گئی۔ وہ مجھے تسلی دیتا کہ میں جلد اچھی ہو جاؤں گی۔ کاشکے میں بیمار ہو جاؤں اور تم صحت مند۔ ایک رات میری حالت اس قدر خراب ہوئی کہ میں نے اپنے شوہر سے کہا کہ میرے مرنے کے بعد دوسری شادی کر لینا۔ میں تو مر رہی ہوں تم میرے غم سے خود کو نہ مار لینا۔ وہ بولا کہ اگر تم مر گئی، تو خدانخواستہ مجھ سے بڑا کافر نہ ہو گا جو میں نے دوسری شادی کی اور تمھاری یہ باتیں مجھے بہت دکھ دے

رہی ہیں۔ بہرحال میں جہاں سے رخصت ہوگئی۔ ایک ہفتے کے بعد میں نے خواہش کی کہ میں دنیا میں اپنے عاشق شوہر کو دیکھوں کہ وہ غم میں کس طرح جی رہا ہے۔ مجھے کہا بھی گیا کہ جانے کو تو تم جا رہی ہو لیکن جب واپس آؤ گی تو تمھارا انتظار صدگونہ ہو جائے گا۔ میں نے کہا کہ میں صرف اپنے عاشق پر نظر ڈال کر واپس آجاؤں گی۔ یہاں کے دس برسوں سے میرے لیے وہاں کا ایک لمحہ کافی ہے۔ میں دنیا میں گئی تو دیکھا کہ میرا گھر چراغوں سے روشن تھا اور شوہر نے شادی کر لی تھی۔ میں چھپ کر ان کی باتیں سننے لگی۔ ایک عشوہ طراز عورت میرے شوہر سے کہہ رہی تھی کہ ابھی تمھاری بیوی کو گزرے ایک ہفتہ ہوا، یاد تو آتی ہوگی۔ شوہر بیزار ہو کر بولا کہ میں رات دن کی پریشانی سے تنگ آ گیا تھا، شکر ہے کہ وہ بیمار ہو کر رخصت ہوئی۔ میری جان تو تم ہو۔ اے پری، اے ماہ رُو! تم جانے والوں کی باتیں نہ کرو۔ اتنا سننا تھا کہ میں فی الفور واپس لوٹ آئی۔ یہ لمحے مجھے سیکڑوں سال کی اذیت کے مترادف لگتے ہیں اور میں اب حالت فراق میں اس ویران سرا میں ہوں۔'' یوں گویا دنیا میں جی لگانے والوں کو وہاں حالتِ فراق میں دکھایا گیا ہے۔

اگلا حصہ ''پرتوستان'' ہے جو ''برزخِ امثال'' کا آخری منطقہ ہے جہاں دنیا میں افکارِ عالیہ کے پیش کنندہ مصنّفین جمع ہیں۔ یہاں وحشت کم ہے اور منظر نامہ قدرے پُرفضا۔ یہ لوگ وہ ہیں جو حسن بے نشاں کی تجلّی سے بہرہ مند تھے لیکن ان کا حجاب انھیں سراب میں لے گیا۔ یہ باغِ جاوداں کے قریب ایسا منطقہ تھا جہاں یہ مردمانِ خوش بین و حقیقت شناس جمالِ ایزدی کے پرتو کے اُمیدوار تھے۔ شاعر نے تمثالی پیرایے میں لکھا ہے کہ وہیں اسے ایک قد آور شاہِ بلوط کا درخت دکھائی دیا جس کی شاخیں برگ و بار سے لدی پھندی تھیں اور اس کی چھاؤں تلے کئی خیمے مع ساز و سامان ڈالے گئے تھے اور اندر عالمانہ باتیں ہو رہی تھیں۔ یہاں رہ نورد ایک روشن تر مقام دیکھتا ہے جو کسی دل کشا مقام کا سراغ دے رہا تھا اور جہاں قدم قدم پر پھول کھلے تھے۔ اس کا انتظار اور تجسس بڑھ جاتا ہے کہ بقول شاعر جلوؤں کا انتظار خود جلوہ ہوتا ہے اور نغمے کی آرزو خود نغمہ۔ یہاں براجمان لوگ خوش نظر، خوش چہرہ اور پُرنور تھے۔ ان کی گفت گوئیں علمی تھیں اور ان کی محفل گلشن بے خار۔ ان کے پیش کردہ معنی پیچیدہ اور نو بہ نو تھے۔ اس مقام پر فرخ نامہ میں اوّلاً شیکسپیئر کا ذکر ہے اور اسے ''شاعر دانا''، ''خداوندِ ہنر'' اور ''نکتہ دانِ سیرتِ نوعِ بشر'' کے القاب دیتے ہوئے یہ نکتہ اٹھایا گیا ہے کہ اس کے ہاں عشق، رشک، رحم، خشم، انتقام، درد و داغ، آرزوئے ناتمام، عشرتِ ناپایدار جیسے متنوع موضوعات کی شعری نقش بندی نہایت عمدگی سے کی گئی ہے:

مصرعِ نظمش به صد دیوان حریف　　نقطۂ حرفش بهر عنوان لطیف

شیوۂ و آھنگ و ترتیب کلام	معنی و الفاظ را نقش دوام
در درامش دانش آموز بشر	در نمائش ھا ادیب نکتہ ور
شاعر ژرفا، حکیم روزگار	ساحر جادو بیان جادو نگار
عارف دنیا و معروف جھان	ابتکار آموز و خلاق زمان
از نمائش نامہ ھایش درحیات	سطر سطرش ترجمان حادثات
نقش بند حادثات و واقعات	رازدان زندگی بی ثبات

''زندہ رود'' اس سے پوچھتا ہے کہ اے رمز آشنا! بتا تیرے ساتھ کیا پیش آیا؟ جس پر وہ فرخ نہاد ان دونوں ہنر وابستگان کو خوش آمدید کہتا ہے اور پوچھتا ہے کہ اے سفیر مشرق و مشرق نژاد! تم اُس دنیائے فانی کی کہو! جس پر رہ نورد گویا ہوتا ہے کہ جہانِ گل رُخان تو بدستور ہے۔ محبوبوں کے کرشمے بھی وہی اور عاشقوں کا دردِ حرماں بھی وہی، اربابِ کینہ کی عیاری بھی ویسی اور کم ظرفوں کی حیلہ جوئی بھی بدستور۔ ناتمام آرزوئیں اب بھی داغ داغ ہیں اور دیکھنے والوں کی چشم حیرت بھی ویسی ہی ہے اور تقدیر بھی اسی طرح خندہ زن ہے۔ تم اس راز سے پردہ اُٹھاؤ کہ انسان کو دنیا میں آرام کہاں ہے؟ جس پر شیکسپیئر کہتا ہے کہ انسان گوہر یک دانہ ہے اور اس خرد افروز کی کہانی یہ ہے کہ اس سب کے باوجود یہ مشتِ خاک بے قرار ہی اس جہانِ رنگ و بو کے لیے تازہ بہار ہے۔ انسان سود و زیاں کے نشے کا اسیر ہے اور علم و گمان کے سمندر میں غوطے کھاتا رہتا ہے۔ انسان ہی اس زندگی کی کہانی کا مرکزی کردار ہے جو کبھی ہنستا ہے، تو کبھی روتا ہے اور کبھی ہر چیز سے روگرداں ہو جاتا ہے۔

یہیں پر امریکی شاعر ایمرسن کی زبانی رمزِ زندگی کی بابت کہلوایا گیا کہ اے عزیزو! زندگی آہ و زاری یا شکوہ و شکایت کا نام نہیں۔ کانٹوں کے ساتھ پھول بھی ہوا کرتے ہیں۔ فقط پھولوں کو دیکھنا اور چننا ہی اصل زندگی ہے۔ جینا، مرنے سے بہتر ہے خواہ بے سر و پا ہی کیوں نہ ہو۔ زندگی کے باغ میں اتنے کانٹے بھی نہیں کہ جینا دشوار ہو جائے۔ اگر تم دل رکھتے ہو تو اچھائی پر بھی یقین رکھو تا کہ تمھارے دل کا شیشہ شہد سے لبریز رہے۔

یہیں پر جرمن فلسفی کانٹ اپنا فلسفہ سنا رہا ہے کہ زندگی کی آبرو اخلاق سے ہے اور خیر و شر کے شعور کے بغیر زندگی اور ارتقائے انسانی بے معنی ہیں:

آدمی دارد شعورِ مستنیر　　باید انسان پاک دارد این ضمیر
آدمی بی روشنائی از ضمیر　　در سرابِ زندگانی تشنہ میر

جرمن فلسفی وشاعر نطشے کی زبانی یہ اظہار ملتا ہے کہ انسان پر افسوس ہے کہ وہ اپنے ہی اوہام میں الجھا رہتا ہے اور اسی کشاکش میں زندگی کی حقیقی رمز سے نا آشنا رہتا ہے۔ اس کی فطرت بے اختیار آرزوؤں کی طرح نامحکم و نااستوار ہے۔ اس کا گوہر پتھر سے بھی کم تر ہے اور اس کا جوہر زنگ آلود ہے۔ وہ ساحری تو دکھاتا ہے لیکن اس میں اعجاز نہیں۔ اس کے پر ٹوٹے ہوئے ہیں اس لیے وہ پرواز نہیں کر سکتا:

زیرِ دامِ ناتوانی خستہ ای　　آدمی صیدِ زبونِ بستہ ای
آدمی خود را نہ داد از خود نشان　　ای دریغ آن آدمِ ننگِ جہان

اسی دوران ''جہانِ نو'' ظاہر ہوتا ہے جہاں ہر لحظہ گل کھل رہے ہیں اور رہ نورد اور زندہ رود کے گرد و پیش کی دنیا خورشید سے بڑھ کر تاب ناک ہو جاتی ہے۔ نئے رنگ اپنی نمود کے لیے بے قرار معلوم ہوتے ہیں۔ اس موقعے پر ''برگساں'' کا کردار نمودار ہوتا ہے، وہ فرانسیسی مفکر جس نے وقت کو سرِّ حیات اور اصل موجودات قرار دیا اور عشق کو عقل سے برتر گردانا۔ یہاں بھی اس کردار کی زبانی زندگی کا یہی نقطۂ نظر نمایاں کیا گیا ہے کہ زندگی آب و گل کے شور زار میں خوار و مضمحل اور جامد و ساکت تھی۔ زندگی نے اپنی جبلت سے عقل و خرد تک اپنا راستہ خود بنایا تا کہ پرندوں اور درندوں کی جداگانہ تفہیم کرے۔ فروغ عقل ہی سے عشق نے نمود کی۔ اس لیے زندگی جہد بقا سے پیوستہ ہے اور راستے تو بہت ہیں لیکن منزل کا تعین عشق ہی کرتا ہے۔ زندگی ادراکِ زمان کا نام ہے اور یہ ایک نئے آفاق کی تعمیر ہے۔ زندگی کا سوز و ساز مختلف ہے، یہ الگ انداز کی نماز ہے اور الگ طرح کا سجدہ:

سازِ ہستی را نوا بسیار ہست　　شاہدِ معنی بسا پُر کار ہست
گر دلی داری بدہ زانش نشان　　باز نو ساز این زمان و این مکان

اس موقعے پر جرمن شاعر گوئٹے کی زبانی حافظ شیراز کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا ہے کہ وہ بھی اسی کُنج دل کش میں ہے:

در بلندی شعرِ تو چون آسمان　　گنبد آسا محکم و فرّخ نشان
مطلعت با مقطعت با یکدگر　　سر بسر ہم سنگ در لطف و اثر

بعدازاں گوئٹے نطشے کی حافظ شیراز کے حضور مدح کی باز گوئی کرتا ہے اور اس حصے میں بھی اوّلاً حافظ کی مدح ہے، مثلاً:

میکده ما را توئی، هم باده ای — منزلی ما را توئی هم جاده ای

مستئ صهبای تو تندست و تیز — بادۂ انگور چون خواهی تو نیز؟'

پھر شاعر شیریں بہار یعنی گوئٹے کہتا ہے کہ میں یہاں اگر اچھے حالات میں ہوں اس کی وجہ فقط اسم محمد ﷺ سے وابستگی ہے:

در جهان یك كار نیكو كرده ام — باغِ روحِ خویش خوشبو كرده ام

تخمِ خیر اندر دلِ خود كاشتم — اسم احمد را گرامی داشتم

نامِ آن سرور گرفتم ''زنده رود'' — بر روانش صد سلام و صد درود!!'

رہ نورد کہتا ہے کہ عین اس لمحے میرے رہبر ''زندہ رود'' نے کہا کہ اے بیٹے، اب رخصت ہوتے ہیں اور گلشن جنت کی جانب چلتے ہیں۔ ہمارے سامنے موتیوں کے دریا میں زرین کشتی منتظر ہے اور نظر کے لیے مزید ہزاروں تماشے۔ اب اُس جنت نشاں ساحل کی نمود ہونے کو ہے جس سے ہم مسافروں کے دلوں کی کشود ہوگی:

رنگ از گل، گل ز شاخه ها چكید — آن سوی دریا جهانِ نو دمید

فرخ نامہ کا تیسرا حصہ ''فردوسِ جمال'' (The Paradiso of Beauty) کے زیرعنوان مرقوم ہے۔ آغاز میں مناجات ہے اور شاعر عاجزانہ پیرایے میں ربط حرف و معنی کی رمزوں کے ادراک کا متمنی ہے۔ اس موقع پر انصاری صاحب نے ربط حرف و معنی پر فلسفیانہ اظہارِ خیال کیا ہے اور شاعری میں اس کی معجز نمائی بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

حرف ومعنی سرّی از اسرار هست — هردو را یكجائی درگفتار هست

نورِ معنی رهنمای گفتگو — معنی را آرد بیانش رو برو

حرف و معنی هردو را از تو وجود — گر بود آن را نمود این را شهود

ای خدا! ای مالك ارض وسما

اعتبار افزائی این حرف مرا

بعدازاں سیرِ افلاک کا سلسلہ وہیں سے شروع ہوتا ہے جہاں کشتی سیمیں دریا میں بہتی ہوئی ''فردوسِ جمال'' کے

قریں آ پہنچی تھی۔ یہاں گل وگلزار کا عالم ہے، ہر سُو خوش بو ہے، اور برگ و بار بہار دکھا رہے ہیں۔ ہر سُو سرو بلند ہیں اور قمریاں حق سرّہٗ کا نغمہ بکھیر رہی ہیں۔ نرگس کے پھول دمک رہے ہیں۔ خوش آہنگ طائر فضا میں رواں دواں ہیں اور پھولوں کی کثرت فروغ رنگ کا باعث بن رہی ہے۔ اس موقع پر زندہ رود رہ نورد سے کہتا ہے کہ شکر ایزد بجا لاؤ کہ تمھیں اس بہار جاوداں کا جلوہ دکھایا گیا۔ اس دنیا میں ہر لحظہ الفاظ وادراک مختلف معانی رکھتے ہیں اور اشیا کی ماہیت یا کیف وکم بہت مختلف صورت میں ہے۔ یہ جنت قدسیوں کی جلوہ گاہ ہے اور نیکوکاروں کے لیے بنائی گئی ہے۔ یہاں ماضی اور استقبال پہلو بہ پہلو ہیں۔ یہاں اجسام، ارواح کی طرح اور روحیں جسموں کے مانند ہیں۔ تم جو کچھ یہاں دیکھ رہے ہو، کسی ابتدا کا نشان ہے۔ یہ عجیب طرح کا عالم ایجاد ہے کہ جس کا ایک ذرہ سیکڑوں سورج سے بڑھ کر ہے۔ یاد رکھو! یہاں آرزوؤں کو کاوشِ تکمیل کی اور جستجو کو عجلت کی ضرورت نہیں۔ نہ غمِ نایافت ہے اور نہ غمِ ملال۔ اس کے بجائے ہر ایک جمال کمالات سے بھرپور اور لازوال ہے۔ اے بیٹے! ہر خیال یہاں وجود رکھتا ہے اور ہر غیب شہود۔ یہ راستہ دوست کی جلوہ گاہ ہے اور یہاں کا کوئی راستہ راہِ دوست کے سوا کچھ نہیں۔ آگے بڑھو اس دنیا کا نظارہ کرو اور حال اور مستقبل پر نظر دوڑاؤ۔

دروازہ زریں کے عقب کی دنیا سیکڑوں تجلیات سے آباد نظر آتی ہے۔ یہ روشن، رنگین اور پُر بہار دنیا دیکھ کر رہ نورد حیران رہ جاتا ہے اور اسے یوں دیکھ کر زندہ رود کہتا ہے کہ حیران مت ہو یہ بہشت ہے، جو نیکوکاروں کے لیے ہے:

بهترین مردمان هر زمان — آفرین بر کارِ ایشان در جهان

این قصورو باغ و راغ وبرگ و بر — اهل خدمت را بهشتِ منتظَر

بہشت میں اولین جگہ وہ ہے جہاں بسنے والے لوگ دنیا میں دوسروں سے اچھا برتاؤ کرتے رہے اور یہاں ایک سے بڑھ کر اچھے لوگ ہیں اور حالت یہ ہے:

هر یکی در حالتِ مطلوبِ خود — هر یکی محبوب و هم محجوب خود

هریکی را صد مقال اندر خیال — هر یکی احوالِ خود را خود مثال

یہاں اندلسی فلسفی ابن رشد کو دکھایا گیا ہے جو دنیا میں دانش بے مثال رکھتا تھا۔ اس کے زمانے کے مفتی، عالم اور خواص وعوام اسے ملحد کہتے تھے لیکن بہ باطن وہ شرک اور نفاق سے بری تھا، اس لیے تمام مسلمانوں کی جمعیت کا سبب بنا۔ اس نے دینِ مصطفیٰ ﷺ کو نہ چھوڑا اور اس پر قائم رہا۔ وہ پنجگانہ نماز ادا کرتا، مسجد جاتا، اور دعا کیا کرتا۔ ایک دن اپنے فرزند کے ساتھ دمشق کی مسجد میں نماز شوق ادا کرنے گیا تو اس کے عہد کے مفتیوں نے اسے درِ مسجد سے یوں نکالا

کہ پھر دنیا میں اس کا کوئی سراغ نہ مل سکا۔ ابن رشد کی زبانی یہ قصہ یوں بیان کیا گیا ہے کہ میں اس روز کی ذلت کیا بیان کروں کہ مجھے اس قدر غم واندوہ تھا کہ یوں لگتا تھا دنیا میں کوئی میرے ساتھ نہیں ہے۔ میں نے صبر کیا کہ چارۂ صبر سوائے صبر نہ تھا لیکن آج وہاں کا نقصان میرے لیے عزت کا باعث بنا اور میں اب یہاں شادکام ہوں۔ آگے چل کر ابن رشد کی زبانی حکمت و دانش کی قدر و منزلت پر مبنی اشعار بیان کیے گئے ہیں جنھیں سن کر زندہ رود نصیحت کرتا ہے کہ شورش عشاق کو کم تر نہیں سمجھنا چاہیے۔ یہیں شیخ اشراق شیخ شہاب الدین سہروردی مقتول کا مقام دکھائی دیتا ہے جو لباسِ سہروردی میں ملبوس ہے۔ شاعر نے اس موقعے پر اس صوفی صافی کے مراتب بیان کیے ہیں اور اس کے عاشقانہ نقطۂ نظر کو اقبال کے تضمینی مصرعے کی وساطت یوں رقم کیا ہے:

آدمی اندر جهانِ خاك و آب — هرزمان باشد رهین اضطراب
"درد و داغ و سوز و ساز و آرزو" — داردش آشفته كار و كو بكو
ناتمامی ها بود سرمایه اش — خام كاری ها بود همسایه اش

یہیں "مقامِ خطیب لبیب" (غالباً شاعر کی مراد مولانا محمد علی جوہر ہیں، متوفیٰ ۱۹۳۱ء) ہے۔ شاعر نے ان کی خطابت و فصاحت اور حُسن بلاغت کو بھرپور اُسلوب میں بیان کیا ہے اور اس کردار کی زبانی استقلالِ پاکستان سے قبل فرنگیوں کے ہاتھوں غلامی کی کیفیت کا نقشہ بھی کمال بلاغت سے جمایا گیا ہے تاکہ آزادی کی حقیقت پر روشنی ڈالی جا سکے:

ای عزیزان ، حال ما ابتر شدست — شادئ مابندگان كم تر شدست
آ كه زنجیرِ غلامی بشكنیم — درس آزادی دگر ازبر كنیم

آگے "مقامِ رہبرِ معظم" (بانی پاکستان، ۱۹۴۷ء) کا مقام ہے۔ یہاں قائداعظمؒ کی چاند جیسی چمکتی پیشانی کا ذکر ہے اور قائد کی بھرپور سراپا نگاری کی گئی ہے۔ انصاری صاحب لکھتے ہیں کہ یہ پیر مرد جوانوں کی طرح راست قد تھا اور اس کی خاموشی بھی سیکڑوں مدوجزر رکھتی تھی۔ شاعر انھیں خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہتا ہے:

دانشش سیراب عشق و آگهی — فكر او مبنی بر اثبات خودی
حق شناس و حق شعار و خوش نهاد — در عزیمت كامگار و با مراد
حكمت نورانیان سامان او — دانش افرنگیان حیران او

جب اس عظیم رہ نما نے رہ نورد کو زندہ رود کے ہمراہ دیکھا تو فرطِ جذبات سے پکار اُٹھا:

"زندہ رود ای زندہ رود ای زندہ رود"

مزید شعر بالترتیب دیکھیے جن میں قائد اور علامہ (زندہ رود) کا مکالمہ پیش کیا گیا ہے، قائداعظمؒ کہتے ہیں:

خوش بیا ای شاعرِ رنگین نوا — خوش بیا ای دیدۂ بینای ما!

ای مسیحای دل رنجور ما — ساقیٔ میخانہ ای لاہور ما!'

زندہ رود

قائد من ، رہبر بیدار من — ای تو فوج و لشکر و سالارِ من

خوش نمودی قوم را راہ عمل — فکر تو بی اشتباہ و بی خلل!

قائداعظم زندہ رود سے مخاطب ہو کر یوں ترانہ سنج ہوتے ہیں کہ آپ ہی کے ایما پر میں نے قوم کے لیے جہانِ تازہ کی جستجو کی اور سکوتِ انجمن کو صدا آشنا کیا۔ یوں آپ کے پیغام کی وساطت سے غلاموں کو پیامِ دارائی ملا اور قوم کا رنگ بدل گیا۔

رہ نورد جنت میں، زندہ رود کی معیت میں عادل باشاہوں، دانش مندوں اور خوش نگر و خوش نام ہنروروں سے ملاقات کرتا ہے۔ یہاں ہر سُو درخت، برگ و ثمر سے آراستہ ہیں، پرندے چہچہا رہے ہیں اور جونہی ان کے قدم آگے کی جانب بڑھتے ہیں راستہ روشن تر ہوتا چلا جاتا ہے۔ زندہ رود بے اختیار پکار اُٹھتا ہے کہ دیکھو! یہ اور طرح کی جنت ہے، زمین پر چاند اُتر آئے ہیں اور ہر سنگ میں آفتاب پھوٹ رہے ہیں۔ قافلہ در قافلہ پھول رواں دواں ہیں۔ یہ زیبا و جمیل جنت عادل بادشاہوں کے لیے ہے یا اس قابل فخر گروہ کے لیے جو دنیا میں علم و دانش سے بہرہ مند ہوا اور اپنے علم و آگہی سے جمالِ زندگی کی نقش بندی کی۔ یہاں سب سے پہلے نوشیروانِ عادل کا دیدار ہوتا ہے جو ایک بلند اور مزین محل میں تخت پر براجمان ہے۔ دونوں ان کے قریب جا بیٹھتے ہیں تو زندہ رود بتاتا ہے کہ اس بادشاہ نے ایک نئے دستور کی بنیاد رکھی۔ جس پر رہ نورد اس سے کہتا ہے کہ بے شک یہ آپ کے عدل کا انعام ہے کہ آج آپ اس مقام پر ہیں۔ اس موقعے پر نوشیرواں کی زبانی بادشاہی و حکمرانی کے ذیل میں عدل کے مقام و مرتبہ پر دل پذیر نکات پیش کیے گئے ہیں۔ جن کا خلاصہ یہ ہے کہ عدل، خیر ہے اور شاہوں کے شایاں ہے، بادشاہی جسم اور عدل اس کی روح ہے، عدل کرنا ہی افضل بادشاہی ہے اور میری یہ حالت میرے اعمال کا اجر نہیں بلکہ یہ روشنی تو مجھے کہیں اور سے نصیب ہوئی۔ یہ

بہار جو تم دیکھ رہے ہو، یہ جناب رسالت مآب ﷺ کی رحمت کے طفیل ملی ہے اس موقع پر عشق رسول ﷺ کی کیفیت کا عالم دیکھیں جو نوشیرواں، زندہ رود اور رہ نورد کے قلبی واردات کا عکاس ہے:

آن شہِ شاهان ، امامِ مرسلان — حاصل هنگامهٔ کون ومکان
سرورٌ و سر دفتر هر دو سرا — هادیان هر زمان را پیشواٌ
نور پرور در دو عالم، مهر گر — هر چه می گوییم از آن خوب تر
عدلِ آن سردارٌ و شاهٌ دو جهان — اعتبار و آبروی عادلان
عدل آن عادلٌ کجا و من کجا — روح پاکیزه کجا و تن کجا
این فقط یك قطره رحمت است ازان — که مرا بینی به حالی این چنان
قطرهٔ رحمت به از صد آب ها — که رهاند از دو صد گرداب ها
از ظهور آن شهِ عالی جناب — عهد شاهنشاهی ام شد فیضیاب

اس موقعے پر نوشیروانِ عادل کی زبانی نصیحت آموز ابیات بھی پیش کیے گئے ہیں جو ایک عادل حکمران کے لیے منشور کی حیثیت رکھتے ہیں۔

شہیدوں کی فردوس ہی میں مظفر خان شہید کا دیدار ہوتا ہے۔ یہ مقام بڑا دل کش اور پُر بہار تھا۔ ہر سُو بہار ہے اور پرندے چہچہا رہے تھے۔ ایک سیم وزر ناب اور موتیوں سے مزین جگہ پر شہید ملتان مظفر خان دونوں کو یہ کہتے ہوئے خوش آمدید کہتے ہیں کہ ملتان اولیا و اصفیا کی سرزمین ہے۔ میں اس پر قربان جاؤں! جب تم یہاں سے جاؤ تو میرا یہ پیغام اس ارض کہن کو ضرور دینا کہ کوئی اور گوہر بھی پیدا کرو، اپنے دفتر پارینہ کا مطالعہ کرو اور دیدہ وری کے جوہر دکھاؤ:

آن در گنجینه ها را باز کن
روزگار خویش را آغاز کن!

آگے کاخِ فردوسی ہے جو جنت نشان اور پُر نور و پُر بہار ہے۔ رہ نورد شاعر فرخندۂ ایران سے سوال کرتا ہے کہ شعر کا باطنی سرچشمہ کیا ہے؟ یہ فقط ذوقِ نوا اور حسن صدا تو نہیں؟ اے روشن ضمیر زندگی کیا ہے اور کیسے گزارنی چاہیے؟ جس پر فردوسی کی زبانی یہ شعر رقم کیے گئے ہیں:

شعر را با زندگی پیوستگی ست — مصدرِ اصلش ز بطن زندگی ست
شعر را باید بسی علم و هنر — تا بگردد نخل معنی بارور
علم بی پایان و دانش بی کران — شعر را باید به مثلِ پیش خوان
شاعری بی دانش و بی آگهی — دامن مضمون را دارد تهی
دانش و تخئیل و جذب و ابتکار — زین عناصر شعر گردد زرنگار
رنج بردن بهرِتحصیلِ هنر — شرط اول هست گر خواهی ثمر
با همه سرمایۀ علم وهنر — فضل ایزد بایدت یار، ای پسر!
عمر ها باید کس آرد شعر ناب — پس دگر والله اعلم بالصواب
زندگی منظومۀ طولانی است — گرچه طولانیست اما فانی است
زندگی حرفست و معنی کار ما — کار بی معنی بود آزار ما
زندگی چون شعرهست از ارتباط — فصل ووصل وربط وضبط و احتیاط
شعر ناموزون متاعِ کس مخر — زندگی بی ربط معنی بی ثمر
زندگی را از مقاصد آبروست — بی مقاصد زندگانی های وهوست

جرمن شاعر گوئٹے کا پُر بہار ٹھکانہ بھی کنارِ آب ایک کاخِ زرنگار کی صورت واقع ہے۔ رہ نورد اسے خراجِ تحسین پیش کرتا ہے اور استفسار کرتے ہوئے گویا ہوتا ہے:

فکر را آیینۀ جان ساختی — برگ را رشك گلستان ساختی
شد اروپا از بهارت گل نگار — شعر تو از فکر تو سرمایه دار
ای اسیرِ شیوه شعر عجم — از کجا این شیوه را کردی بهم؟

جواباً گوئٹے اہل مشرق کی ستائش کرتا ہے اور شاعر مشرق کو اپنے شوق و رغبت کی داستان سناتا ہے۔ وہ ممکناتِ زندگانی میں آدمِ نو کے لیے عشق کو لازمی قرار دیتے ہوئے مزید کہتا ہے:

آدم نو عقل را آموزگار　　آدم نو عشق را پروردگار
رازدان پرده های ممکنات　　آدم نو آرزوی کائنات
کارِ انسان را دگر آسان کنید　　ای عزیزان عشق را ارزان کنید!

فن کاروں کی بہشت میں سرفہرست ''فردوسِ مصورِ مشرق'' ہے اس مصور کا ٹھکانہ جس نے نقش ورنگ کی دنیا پیدا کی:

آب و رنگ عالم نو آفرید　　نغمه ها از رنگ و صورت می شنید

عبدالرحمٰن چغتائی زندہ رود کو اپنے فن کے راز سے آگاہ کرتے ہوئے کہتا ہے:

من هنر راجان شمردم ای جوان　　شرق را رنگین همی کردم عیان
گر چه من از شرق میدادم نشان　　غرب هم دارد متاع سوز جان
باختر از سوز جان در اضطراب　　خواهد از خاورگر زنده کتاب
تا توانی صاحب ادراك شو　　شعله ای، رو، شعلهٔ بیباك شو!

'کاخِ معمارِ تاج' میں نادرِعصر اُستاد احمد لاہوری، معمارِ شاہجہاں کا قیام ہے جنھوں نے فن عمارت سازی میں کمال پیدا کیا۔ یہ خوش نہاد پیر مرد انھیں اس مقام پر پاک بین و پاک زاد اور نہایت بامراد دکھائی دیا۔ زندہ رود کے اس استفسار پر کہ آپ کا نام دنیا میں زیادہ مشہور نہیں لیکن آپ کا کام اپنی پہچان رکھتا ہے، بتائیے، آخر گم نامی میں کیا راز ہے؟ نادرالعصر لاہوری کی زبانی معجزۂ فن کا راز دل کش پیرایے میں رقم ہوا ہے جو خود علامہ اقبال کے نظریۂ فن کا عکاس بھی ہے:

شهرت و گمنامیِ ما در جهان　　موجهٔ اندیشهٔ سود و زیان
آنچه اصل ماست از تخلیق ما ست　　بودن و نا بودن از تصدیق ماست

آگے تاج محل کی فن کارانہ نمود کے بیان میں اشعار رقم کیے گئے ہیں۔

اس موقعے پر جاوید نامہ کے رنگ وآہنگ میں میرزا بیدل کی روح نمودار ہو کر غزل سرا ہوتی ہے۔ رہ نورد اس سے گذشتہ زندگی کے بارے میں استفسار کرتا ہے اور مختصر شعری مکالموں میں بیدلؔ کے نظریۂ زیست کی توضیح ملتی ہے، مثلاً:

معنیِ هستی گراست اینست وبس　　زندگی را دید آئینست و بس!

عالم افسونست و ما حیرت فروش　　نا رسائی ها دم عشرت فروش

مرزا غالب دہلوی کا قصر بھی یہیں واقع ہے۔ اولاً غالب کی زبانی اس شاعر با کمال کی توصیف بیان کی گئی ہے جو لعل ناب سے بڑھ کر شعر کہنے پر قدرت رکھتا تھا۔ پھر شاعر غالب سے استفسار کرتا ہے کہ حرف اپنے معنی سے کیسے فیض یاب ہوتا ہے اور وہ باتیں جو دو بدو کہی نہیں جاسکتی ہیں، کیسے شعر کے پیکر میں ڈھل جاتی ہیں؟ اس پر غالب کی زبانی ان کے نقطۂ نظر کی ترجمانی مؤثر طور پر کی گئی ہے:

ای عزیزان قطره را جیحون کنید　　درتلاش حرف دلها خون کنید

شاعری کیف جهان معنویست　　شاعری هم جزوی از پیغمبریست

اس موقعے پر اس زنِ پیر کا احوال ہے جو دنیا میں اپنی تمام تر بے سروسامانی کے باوجود ہر رات گلی میں چراغ روشن کرتی تھی اور وہ اپنی اس معمولی سی نیکی کے طفیل بہشت میں روشنی اور نور سے ہم کنار ہوئی۔ اس حصے میں شاعر کہتا ہے کہ زندہ رود نے مجھے بتایا کہ اس جنت میں بے شمار ایسے لوگ بھی ہیں جو دنیا میں بے نام ونشان زندگی گزارتے رہے تھے لیکن آخرت میں انھیں بڑا اجر ملا۔ جس طرح زنِ پیر کا معمولی سا چراغ، چراغِ خوش بختی میں مبدل ہوگیا اسی طرح اللہ کے دربار میں قبولیت پا کر بعض اوقات چھوٹی سی نیکی بڑا اجر پاتی ہے اس لیے کہ:

ذره ای از خیر هم بی مایه نیست　　گر قبول افتد دوامِ دولتیست

ای خوش آن کاری که شد پاینده تر　　در بها افزون تر و ارزنده تر

